سوال

حج میں حیض اور نفاس والی عورت کے لیۓ طواف وداع

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حیض اور نفاس والی عورت طواف وداع کس طرح کرے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حیض ونفاس والی عورتوں پر طواف وداع کا حکم نہیں ہے کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث یہ ثابت ہے کہ :

امر الناس ان یکون اخر عہدہم بالبیت الا انہ خفف عن المراۃ الحائض (صحيح البخاري)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو یہ حکم دیا کہ آخری عمل بیت اللہ کا طواف ہونا چاہیے لیکن حائضہ عورت کو آپ نے اس سے مستثنیٰ قرار دیا۔''

اہل علم کے ہاں اس سلسلے میں نفاس والی عورت کا حکم بھی یہی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص317

محدث فتویٰ